# نیوز ریلیز

سفارتخانہ ریاستہائے متحدہ امریکہ۔ اسلام آباد، پاکستان



رابطہ: البرٹو راڈریگیز

ترجمان

فون: 0300-501-2640


6اپریل 2011ء

برائے فوری اجراء

075/2011

## ریکارڈ کی درستگی کیلئے

### یوایس ایڈ نے ایچ ای سی کی کوئی امدادی رقم نہیں روکی

اسلام آباد(6اپریل 2011ء)___ ذرائع ابلاغ کی بعض اطلاعات جن میں دعویٰ کیا گیا ہے کہ امریکی ادارہ برائے بین الاقوامی ترقی (یوایس ایڈ) نے ہائیر ایجوکیشن کمیشن (ایچ ای سی) کے 250 ملین ڈالر کی امداد روک لی ہے۔ یہ اطلاعات درست نہیں ہیں۔ یوایس ایڈ نے ایچ ای سی کی کوئی امداد نہیں روکی اور نہ ہی اب تک اس کا ایسا کوئی ارادہ ہے۔

امریکہ یوایس ایڈ کے ذریعے پہلے ہی ایچ ای سی کو سال 2010ء کیلئے مختص کردہ امداد فراہم کر چکا ہے۔ یوایس ایڈ کے مزید کسی پروگرام کیلئے امداد کا تعین اس سال کے آخر میں کیا جائے گا جب امریکی کانگریس 2011 کے لیے امداد کی منظوری دے گی۔

یوایس ایڈ پاکستانی جامعات کی صلاحیتوں کو بڑھانے کیلئے ایچ ای سی کے ساتھ مل کر کام کر رہا ہے۔ اس اشتراک کا مقصد عالمی معیار کے ماہرین (بالخصوص سائنس و ٹیکنالوجی کے شعبے) میں تیار کرنا ہے جو کہ مستقبل میں پاکستان کی معاشی اور سماجی ترقی میں فعال کردار ادا کر سکیں' یوایس ایڈ میرٹ اور ضرورت کی بنیاد پر ایچ ای سی کے ذریعے ملک کے اندر اعلیٰ تعلیم کیلئے سکالرشپس مہیا کرتا ہے۔

علاوہ ازیں' یوایس ایڈ سالانہ 20 ملین امریکی ڈالر کی امداد کے ساتھ اپنی نوعیت کے سب سے بڑے فل برائٹ پروگرام کیلئے اعانت فراہم کرتا ہے۔ اس پروگرام پر امریکی محکمہ خارجہ ایچ ای سی کے اشتراک سے عملدرآمد کرتا ہے۔ پاکستان کے ساتھ سائنس اور ٹیکنالوجی کے شعبے میں اشتراک بھی ایچ ای سی کے ذریعے ہی کیا جاتا ہے۔

###

---

مزید پریس ریلیز کیلئے ہماری ویب سائیٹ: http://islamabad.usembassy.gov ملاحظہ کریں۔